Roll No.

(Write Roll Number from left side
exactly as in the Admit Card)

Signature of Invigilator

Question Booklet Series **X**

PAPER–II **Question Booklet No.**

(Identical with OMR
Answer Sheet Number)

Subject Code : 05

URDU

Time : 2 Hours *Maximum Marks: 200*

Instructions for the Candidates

1. Write your Roll Number in the space provided on the top of this page as well as on the OMR Sheet provided.
2. At the commencement of the examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 (five) minutes, you are requested to open the booklet and verify it:
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page.
   (ii) Faulty booklet, if detected, should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.
   (iii) Verify whether the Question Booklet No. is identical with OMR Answer Sheet No.; if not, the full set is to be replaced.
   (iv) After this verification is over, the Question Booklet Series and Question Booklet Number should be entered on the OMR Sheet.
3. This paper consists of One Hundred (100) multiple-choice type questions. All the questions are compulsory. Each question carries *two* marks.
4. Each Question has four alternative responses marked: Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ . You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each question.
   Example: Ⓐ Ⓑ ● Ⓓ , where Ⓒ is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated correctly in the OMR Sheet. If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Rough work is to be done at the end of this booklet.
7. If you write your Name, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except in the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
8. Do not tamper or fold the OMR Sheet in any way. If you do so, your OMR Sheet will not be evaluated.
9. You have to return the Original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry question booklet and duplicate copy of OMR Sheet after completion of examination.
10. **Use only Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator, mobile phone, electronic devices/gadgets etc. is strictly prohibited.**
12. **There is no negative marks for incorrect answer.**

اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اس سوال کتابچہ کے اوپر دی گئی جگہ پر اور مہیّا کیٔے گیٔے OMR شیٹ پر اپنا رول نمبر لکھیٔے۔
2. امتحان شروع ہوتے ہی، آپ کو سوال کتابچہ دے دیا جائے گا۔
   آپ کو ہدایت دی جاتی ہے کہ ابتدائی پانچ منٹ کے اندر سوال کتابچہ کو کھول کر تصدیق کر لیجیٔے۔
   (i) سوال کتابچہ تک رسائی کے لیے، اس کے سرِ روق کے کنارے پر لگے ہوئے مہر (یعنی سیل) کو کھول لیجیٔے۔
   (ii) اگر سوال کتابچہ غلط ہو تو فوراً اس کے بدلے میں نگراں سے صحیح کتابچہ، پانچ (5) منٹ کے اندر حاصل کر لیجیٔے۔ بعد میں نہ سوال کتابچہ تبدیل کیا جائے گا اور نہ ہی مزید وقت دیا جائے گا۔
   (iii) تصدیق کر لیجیٔے کہ OMR جواب نامہ کے نمبر اور سوال کتابچہ کے نمبر میں مطابقت ہے۔ اگر نہیں تو کتابچہ تبدیل کرنا پڑے گا۔
   (iv) تصدیق ہو جانے کے بعد ہی سوال کتابچہ سیریز اور سوال کتابچہ نمبر، OMR شیٹ پر درج کرنا چاہیٔے۔
3. اس پرچہ میں سَو (100) کثیر الانتخاب سوالات ہیں۔ سارے سوالات ضروری ہیں۔ ہر سوال دو (2) نمبر کا ہے۔
4. ہر سوال کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ جیسے: Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ. ان میں سے کسی ایک گول دائرہ کو مکمل طور پر بھر کے سیاہ کر دینا ہے۔ جیسا کہ نیچے دیئے گئے مثال میں بتایا گیا ہے۔
   مثال: Ⓐ Ⓑ ● Ⓓ، یعنی Ⓒ صحیح جواب ہے۔
5. سوالات کے حوالے سے آپ کے جوابات کی صحیح نشاندہی OMR شیٹ میں ہونی چاہیٔے۔ اگر آپ اپنے جواب کی نشاندہی، OMR شیٹ میں دیئے گئے دائرے کے علاوہ کہیں اور کر دیتے ہیں تو اس کا جائزہ نہیں لیا جائے گا۔
6. کُھردار کام اس کتابچہ کے آخری میں کیا جائے گا۔
7. آگر آپ نے اپنا نام، فون نمبر یا کوئی نشان، OMR شیٹ پر لگایا، متعلقہ اندراج کے علاوہ، جو آپ کی شناخت کا انکشاف کرے یا آپ نے غلط زبانی کی یا کوئی غیر منصفانہ کام کیا، جیسے کُھرچ کر جواب بدلنا یا سفیدی لگانا، تو اپنی نااہلی کے ذمہ دار آپ خود ہونگے۔
8. OMR شیٹ کے ساتھ نہ کسی طرح کی چھیڑ چھاڑ کی جاسکتی ہے اور نہ ہی اسے موڑا جا سکتا ہے۔ اگر آپ نے ایسا کیا تو آپ کے OMR شیٹ کا جائزہ نہیں لیا جائے گا۔
9. امتحان ختم ہوتے ہی اصل OMR شیٹ، نگراں کے حوالے کرنا ضروری ہے۔ آپ اسے اپنے ساتھ امتحان ہال کے باہر نہیں لے جاسکتے ہیں۔ البتہ سوال کتابچہ اور OMR شیٹ کا چربہ ساتھ لے جانے کی اجازت ہے۔
10. **صرف سیاہ (کالا) بال پوائینٹ قلم کا استعمال کرنا ہے۔**
11. **کسی بھی کلکولیٹر، موبائیل فون، برقی (الیکٹرونک) آلات وغیرہ کا استعمال سختی سے منع ہے۔**
12. **غلط جواب پر منفی نمبر نہیں ہے۔ (یعنی نمبر نہیں کٹے گا)۔**

[Please Turn Over]

Paper II

(Urdu)

1۔ ''اردوئے معلّٰی'' کا دیباچہ کس نے لکھا؟
(A) ہرگوپال تفتہ
(B) میری مہدی مجروح
(C) چودھری عبدالغفور
(D) حاتم علی مہؔر

2۔ '' اس آباد خرابے میں'' کس رسالے میں قسط وار چھپی تھی؟
(A) شب خون
(B) ہمدرد
(C) الفاظ
(D) سوغات

3۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔
''تاثراتی دبستان تنقید کے نمائندہ ناقدین ہیں:
(A) عبدالرحمٰن بجنوری، فراق گورگھپوری، نیاز فتح پوری، شبیہہ الحسن
(B) شبلی، فراق گورکھپوری، وزیر آغا، شمس الرحمٰن فاروقی
(C) شبلی، عبدالرحمٰن بجنوری، نیاز فتح پوری، فراق گورکھپوری
(D) شبلی، نیاز فتح پوری، وزیر آغا، گوپی چند نارنگ

4۔ ذیل میں سے کس کی وجہ سے دہلی میں غزل گوئی کا رواج عام ہوا۔
(A) میر تقی میؔر
(B) مومن خاں مومؔن
(C) مرزا غالب
(D) ولؔی دکنی

5۔ ''حیات جاوید'' کو کس نے ''مدلل مداحی'' کہا تھا؟
(A) علامہ شبلی
(B) منشی ذکاء اللہ
(C) محمد حسین آزاد
(D) ڈپٹی نذیر احمد

6۔ ''مسلمان سب سے پہلے سندھ میں پہنچتے ہیں، اس لیے قرینِ قیاس یہی ہے کہ جس کو ہم آج اردو کہتے ہیں اس کا ہیولیٰ اسی وادیِ سندھ میں تیار ہوا ہوگا''۔ یہ بیان کس کتاب سے ماخوذ ہے؟
(A) مقدمۂ تاریخ زبان اردو
(B) اردو لسانیات
(C) نقوشِ سلیمانی
(D) اردو کا ابتدائی زمانہ

7۔ ذیل میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔
(A) فنی اعتبار سے قطعات میں موضوعات کی قید نہیں ہوتی۔
(B) فنی اعتبار سے قطعات میں بحر کی قید نہیں ہوتی۔
(C) فنی اعتبار سے قطعات میں قافیہ اور ردیف کی قید نہیں ہوتی۔
(D) فنی اعتبار سے قطعات میں موضوعات کی قید ہوتی ہے۔

8۔ صنف قصیدہ میں 'مدح' سے پہلے کون سا جُز ہوتا ہے؟
(A) تشبیب
(B) گریز
(C) دعائیہ
(D) عرض مطلب

9۔ آب حیات کا قصہ کس داستان میں پایا جاتا ہے۔

(A) بوستان خیالی

(B) فسانۂ عجائب

(C) سب رس

(D) باغ و بہار

10۔ ذیل میں سے صحیح جوڑوں کی نشاندہی کیجئے۔

(1)	ایہام گوئی	I	میر ناصر علی
(2)	اصلاح زبان	II	نصیر الدین جامعی
(3)	رومانی تحریک	III	امام بخش ناسخ
(4)	حلقۂ ارباب ذوق	IV	نجم الدین آبرو

(A) II – I – III – IV

(B) III – II – IV – I

(C) I – IV – III – II

(D) II – III – IV – I

11۔ ان میں سے کون سا افسانہ نگار صحافی بھی تھا؟

(A) غیاث احمد گدی

(B) اقبال مجید

(C) سرنیدر پرکاش

(D) خواجہ احمد عباس

12۔ ذیل میں سے کس کی تشبیہیں روایت سے کم، ذاتی مشاہدہ سے زیادہ قریب ہیں؟

(A) اصغر گونڈوی

(B) فراؔق گورکھپوری

(C) مجروح سلطان پوری

(D) عرفاؔن صدیقی

13۔ موؔمن کے درج ذیل شعر میں کس صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

مر گیے اس کے لبِ جاں بخش پر
ہم نے علاج آپ ہی اپنا کیا

(A) صنعتِ تضاد

(B) تشبیہ

(C) استعارہ

(D) مجازِ مرسل

14۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

ہائیکو کے عروضی ارکان ہیں:

(A) سات، پانچ، سات

(B) چار، پانچ، چار

(C) پانچ، چھ، سات

(D) پانچ، سات، پانچ

15۔ ان میں سے کس شاعر کے یہاں صناعی کا غلبہ ہے۔

(A) سوداؔ
(B) غالبؔ
(C) ذوقؔ
(D) محسنؔ کاکوروی

16۔ باغ و بہار کی کس داستان میں حبشی مبارک کا کردار پایا جاتا ہے۔

(A) دوسری سیر
(B) پہلی سیر
(C) چوتھی سیر
(D) تیسری سیر

17۔ ”تحریک کے پہلے پانچ سال ادبی اہمیت سے زیادہ تبلیغی اہمیت رکھتے ہیں،“ ترقی پسند تحریک کے بارے میں یہ کس کا قول ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی
(B) مجنوں گورکھپوری
(C) رشید احمد صدیقی
(D) آل احمد سرور

18۔ مسلمان گھرانوں کی اخلاقی، معاشی اور ذہنی زندگی کی تصویرکشی کس افسانہ نگار نے کی ہے؟

(A) سعادت حسن منٹو
(B) عصمت چغتائی
(C) جیلانی بانو
(D) قرۃالعین حیدر

19۔ زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) ارسطو، میتھیو آرنلڈ، محمد حسین آزاد، مولوی عبدالحق
(B) ارسطو، مولوی عبدالحق، محمد حسین آزاد، میتھیو آرنلڈ
(C) ارسطو، میتھیو آرنلڈ، مولوی عبدالحق، محمد حسین، آزاد
(D) ارسطو، محمد حسین آزاد، مولوی عبدالحق، میتھیو آرنلڈ

20۔ دعویٰ و دلیل پر مبنی ذیل کے بیانات غور سے پڑھیے اور صحیح جواب نشان زد کیجیے۔

دعوی: اقبالؔ نے حالیؔ کے ملّی شعور سے بہت استفعادہ کیا۔

دلیل: اِس کا اعتراف اقبالؔ کے بیشتر نقادوں نے کیا ہے۔

(A) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے
(B) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے
(C) دلیل غلط ہے لیکن دعویٰ صحیح ہے
(D) دعویٰ بھی غلط اور دلیل بھی غلط ہے

21۔ ان میں سے کس شاعر نے سیاسی مضامین کو بھی اعلیٰ فنکاری کے ساتھ پیش کیا ہے؟

(A) محمد حسین آزادؔ
(B) میراجیؔ
(C) علاّمہ اقبالؔ
(D) اسماعیلؔ میرٹھی

22۔ ذیل میں سوانحات اور سوانح نگاروں کی فہرست دی گئی ہے، صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(1)	عمر خیام	I	معین الدین ندوی
(2)	سیرت محمد علی	II	شیخ محمد اکرام
(3)	شبلی نامہ	III	سید سلیمان ندوی
(4)	حیات سلیمانی	IV	رئیس احمد جعفری

(A) III – I – IV – II

(B) II – III– I – IV

(C) II – I V– III – I

(D) I – II – IV – III

23۔ ذیل میں سے کون ریختی کا شاعر ہے؟

(A) سراج

(B) قلی قطب شاہ

(C) ہاشمی بیجاپوری

(D) ابن نشاطی

24۔ زہے نشاط ، اگر کیجیے اسے تحریر
عیاں ہو خامہ سے تحریر نغمہ جائے صریر
جس قصیدے کا یہ مطلع ہے، وہ کس کی مدح میں لکھا گیا تھا؟

(A) وزیر الدولہ

(B) آصف الدولہ

(C) بہادر شاہ ظفر

(D) شجاع الدولہ

25۔ باغ و بہار میں پہلے درویش کی سیر کے جرّاح کا نام کیا ہے؟

(A) عیسیٰ

(B) خردمند

(C) آزاد بخت

(D) بیدار بخت

26۔ ذیل کے بیانات کو پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

I— رومانوی تحریک کی ابتداء انیسوی صدی عیسوی کی ابتداء میں ہوئی تھی۔

II— رومانیت پسند شاعر و ادیب سماج سے زیادہ فرد پر زور دیتے ہیں۔

III— رومانوی تحریک انگریز سامراج کے خلاف بطور احتجاج وجود میں آئی تھی۔

IV— رومانوی تحریک، سرسید اور علی گڑھ کی منطقیت اور عقلیت پسندی کے ردِعمل میں وجود میں آئی تھی۔

(A) I اور IV

(B) III اور IV

(C) II اور IV

(D) I اور III

27۔ ان میں سے کون سا افسانہ صیغۂ غائب میں بیان ہوا ہے؟

(A) الاؤ

(B) بجوکا

(C) تماشا گھر

(D) بابا لوگ

28۔ ’’غبارِ خاطر‘‘ کے بارے میں ذیل کے کون سے جملے صحیح ہیں؟

I— یہ خطوط احمد نگر میں قید کے زمانے میں لکھے گئے تھے۔

II— یہ خطوط مکتوب الیہ تک نہیں پہنچے تھے۔

III— یہ خطوط شائع کرنے کی غرض سے لکھے گئے تھے۔

IV— ان خطوط میں ایک بھی شعر کا استعمال نہیں کیا گیا۔

(A) II اور III

(B) I اور II

(C) I اور III

(D) III اور IV

29۔ ذیل میں دئے گئے جوڑوں میں سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(1)	احتشام حسین	(i)	ذوق ادب اور شعور
(2)	مجنوں گورکھپوری	(ii)	عملی تنقید
(3)	کلیم الدین احمد	(iii)	کاشف الحقائق
(4)	امداد امام اثر	(iv)	تنقیدی حاشیے

(A) 1-(iii)، 2-(ii)، 3-(iv)، 4-(i)

(B) 1-(ii)، 2-(iii)، 3-(i)، 4-(iv)

(C) 1-(i)، 2-(iv)، 3-(ii)، 4-(iii)

(D) 1-(iv)، 2-(i)، 3-(iii)، 4-(ii)

30۔ ذیل میں سے کون اہم ترقی پسند شاعر ہے؟

(A) فیض احمد فیضؔ

(B) الطاف حسین حالؔی

(C) علّامہ اقبالؔ

(D) میراجی

31۔ صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

(A) لسانی مطالعے، ہند آریائی اور ہندی، مقدمۂ تاریخ زبان اردو

(B) اردو صرف ونحو، صوتیات وفونیمیات، درسِ بلاغت

(C) اردو لسانیات، میر کی شعری لسانیات، تاریخِ ادب اردو

(D) عمومی لسانیات، آئینہ بلاغت، اردو کی لسانی تشکیل

32۔ فیض احمد فیض کے خطوط کس نام سے شائع ہوئے؟

(A) صلیبیں میرے دریچے میں

(B) من آنم

(C) کاروانِ خیال

(D) زیرلب

33۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

(A) ’’پیروڈی‘‘ نثر میں تحریر کی جاتی ہے۔

(B) ’’پیروڈی‘‘ شاعری اور نثر دونوں میں تحریر کی جاتی ہے۔

(C) ’’پیروڈی‘‘ صرف شاعری میں تحریر کی جاتی ہے۔

(D) ’’پیروڈی‘‘ اسکرپٹ رائٹنگ کے لیے مخصوص ہے۔

34۔ ذیل میں دو بیانات درج ہیں۔ پہلا دعویٰ ہے اور دوسرا دلیل۔ انہیں غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ: ’’سوداؔ اردو کے پہلے شاعر ہیں جنہوں نے قصیدہ نگاری کو باقاعدہ فن کی حیثیت سے انتہائی بلندی پر پہنچایا‘‘۔

دلیل: سوداؔ سے پہلے کسی نے اردو میں قصیدہ لکھا ہی نہیں۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے۔

(B) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے۔

(C) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے۔

(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے۔

35۔ شہ پال جادوگر کی بیٹی کس داستان کا کردار ہے۔

(A) بوستانِ خیال

(B) سب رس

(C) رانی کیتکی کی کہانی

(D) فسانۂ عجائب

36۔ گارساں دتاسی نے سرسید کی کس کتاب کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کیا؟

(A) خطبات احمدیہ

(B) اسبابِ بغاوتِ ہند

(C) انتخاب الاخوین

(D) آثار الصنادید

37۔ ”کھڑا کبیرا دیر سے مانگے سب کی خیر“ اس قول پر قرۃ العین حیدر نے اپنے کس افسانے کو ختم کیا ہے؟

(A) روشنی کی رفتار

(B) کہرے کے پیچھے

(C) نظارہ درمیاں ہے

(D) فقیروں کی پہاڑی

38۔ ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے۔ دونوں بیانات کو بغور پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ : اردو زبان کا تاریخی ولسانی رشتہ شورسینی پراکرت سے جا کر ملتا ہے۔

دلیل: کیوں کہ شورسینی پراکرت سے شورسینی اپ بھرنش اور شورسینی اپ بھرنش سے کھڑی بولی اور کھڑی بولی سے اردو جس کے اسماء ضمائر، صفات اور افعال کھڑی بولی کی طرح طویل مصوتے پر ختم ہوتے ہیں۔

(A) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے۔

(B) دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے۔

(C) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے۔

(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے۔

39۔ ذیل کے شاعروں میں خواب کا استعارہ کس کے یہاں پایا جاتا ہے؟

(A) یگانہ چنگیزی

(B) فراق گورکھپوری

(C) شہریار

(D) عرفان صدیقی

40۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں جن میں سے ایک دعویٰ اور ایک دلیل ہے۔ دونوں کو غور سے پڑھئے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ: لفظ جسم ہے اور مضمون روح ہے۔

دلیل: کیونکہ دونوں کا ارتباط باہم ایسا ہے جیسا روح اور جسم کا ارتباط۔

(A) دعویٰ غلط اور دلیل بھی غلط ہے

(B) دلیل صحیح ہے لیکن دعویٰ غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح لیکن دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ صحیح اور دلیل بھی صحیح ہے۔

41۔ برج نرائن چکبستؔ کی نظموں کی اہم خصوصیت کیا ہے؟

(A) تہذیب مغرب کی ستائش

(B) حب وطن، قومی حمیّت

(C) سرسید تحریک کی مخالفت

(D) مناظر فطرت کا بیان

42۔ شاعری کے ترجمے کو فونا پوئیا، میلو پوئیا اور لوگو پوئیا میں کس نے تقسیم کیا۔

(A) آرتھر ویلی

(B) ایزرا پاونڈ

(C) بنجمن شولٹز

(D) تھیوڈر ساوری

43۔ مرزا دبیرؔ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

(A) 1803ء، لکھنؤ

(B) 1803ء دلّی

(C) 1802ء، لکھنو

(D) 1802ء فیض آباد

44۔ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) امانت لکھنوی نے کربلائے معلیٰ میں تین سال قیام کیا وہیں ان کی بند زبان کھلی۔

(B) امانت لکھنوی نے کربلائے معلیٰ میں ایک سال قیام کیا۔ وہیں ان کی بند زبان کھلی۔

(C) امانت لکھنوی کی زبان کافی عرصے کے بعد لکھنو میں ہی کھل گئی تھی۔

(D) امانت لکھنوی کربلائے معلیٰ میں دو سال ٹھہرے وہیں ان کی بند زبان کھلی۔

45۔ ‘ادبی تحریکوں یا رجحانات اور ان کے نظریوں میں جوڑ بنائیے۔

(1)	مابعد جدیدیت	I	تجزنہ، جدت اور انفرادیت فن کی بنیاد ہیں
(2)	ترقی پسند تحریک	II	علامتی اور اشاراتی اسلوب
(3)	حلقہ ارباب ذوق	III	تخلیق کی آزادی اور تکثیریت کا فلسفہ
(4)	جدیدیت	IV	زندگی کی بنیادی حقیقتوں کا احترام

(A) IV – III – I – II

(B) II – I – IV – III

(C) III – II – I – IV

(D) I – IV – III – II

46۔ ان میں سے کس ناول کو ساہتہ اکیڈمی کا ایوارڈ ملا۔

(A) بستی

(B) خدا کی بستی

(C) اداس نسلیں

(D) فائر ایریا

47۔ ذیل میں دیے گئے جوڑوں میں سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(1)	بیرونی زبان	(I)	مشرقی پہاڑی
(2)	وسطی زبان	(II)	مغربی ہندی
(3)	اندرونی زبان	(III)	مشرقی ہندی
(4)	پہاڑی بولی	(IV)	شمال مغربی شاخ

(A) (I) 4, (II)3, (III) 2, (IV) 1

(B) (IV) 4, (I)3, (II) 2, (III) 1

(C) (III) 4, (IV)3, (I) 2, (II) 1

(D) (II) 4, (III)3, (IV) 2, (I) 1

48۔ مصنف اوران کی کتابوں کے اعتبار سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) وزیر آغا— تنقید اور رجدید اردو تنقید، نظم جدید، کی کروٹیں، اردو شاعری کا مزاج

(B) جمیل جالبی— ارسطو سے ایلیٹ تک، اردو شاعری کا مزاج، تنقید اور جدید اردو تنقید

(C) محمد حسن— ادب اور شعور، نظم جدید کی کروٹیں، تنقید و تحلیل

(D) شبیہ الحسن۔ تنقید و تحلیل، ارسطو سے ایلیٹ تک، تنقیدی زاویے،

49۔ ''لاانسان'' کیا ہے؟

(A) میراجیؔ کی کلیات

(B) ن،م، راشدؔ کا کلام

(C) مخدوم محی الدینؔ کا شعری مجموعہ

(D) کلیّاتِ حالیؔ

50۔ ''تنہائی''، کِس کی نظم ہے؟

(A) اخترالایمان

(B) فیض احمد فیضؔ

(C) شفیق فاطمہ شعریٰ

(D) میراجیؔ

51۔ ماگدھی پراکرت میں کس کی آواز 'ل' کی آواز سے بدل دیتے ہیں۔

(A) ر

(B) ڑ

(C) س

(D) ش

52۔ اردو میں قران شریف کا ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟

(A) شاہ عبدالقادر

(B) حمیدالدین بہاری

(C) شاہ رفیع الدین

(D) مولوی عنایت اللہ

53۔ مثنوی 'قطب مشتری' کے ان کرداروں میں سے کون حضرت داؤدؑ کی طرح خوش الحان تھا؟

(A) عطارو

(B) مشتری

(C) زہرہ

(D) نقاش

54۔ آگرہ بازار میں نظیر کے ساتھ پیراکی کا میلہ دیکھنے کون جاتا تھا؟

(A) پتنگ والا

(B) برتن والا

(C) کتب فروش

(D) پان والا

55۔ ان میں سے دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات کون سی ہیں؟

(A) معاملہ بندی، رعایت لفظی، تصنع اور تکلف

(B) سادگی، سلاست، خیالات کی پاکیزگی اور جذبات نگاری

(C) عصری حسیت، حقیقت نگاری، جوش اور سادگی

(D) ابہام، علائم، منطقیت، عقلیت

56- ’’جسے دو وقت کی روٹی میسر نہ ہو اس کے لیے آبرو اور فریاد سب ڈھونگ ہے۔‘‘ یہ جملہ کس ناول کا ہے؟

(A) غبن

(B) چوگانِ ہستی

(C) گئودان

(D) خدا کی بستی

57- دعویٰ و دلیل پر مبنی ذیل کے بیانات غور سے پڑھیے اور صحیح جواب نشان زد کیجیے۔

دعویٰ : اقبالؔ کو شاعرِ مشرق کہا گیا ہے۔

دلیل: اس لیے کہ انہوں نے بطور خاص مشرقی اقدار کی نمائندگی کی ہے۔

(A) دعویٰ صحیح لیکن دلیل غلط ہے

(B) دلیل صحیح لیکن دعویٰ غلط ہے

(C) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہیں

(D دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہیں

58- صحیح زمرہ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) صد موسمِ گُل ہم کو تہہِ بال ہی گزرے
مقدور نہ دیکھا، کبھی بے بال و پری کا
صبح تک شمع سر کو دھنتی رہی
کیا پتنگے نے التماس کیا

(B) بات کرنے سے رقیبوں سے ابھی ٹوٹ گیا
دل بھی شاید اسی بد عہد کا پیماں ہوگا
آنسوؤں میں لہو ملا نہ سکے
آگ پانی میں ہم لگا نہ سکے

(C) آرزوئے چشمۂ کوثر نہیں
تشنہ لب ہوں شربتِ دیدار کا
دیارِ دل نہ رہا، بزمِ دوستاں نہ رہی
اماں کی کوئی جگہ زیرِ آسماں نہ رہی

(D) مری تعمیر میں مضمر تھی اک صورتِ خرابی کی
ہیولہ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا
ہم وہی پھول ہیں محبت کا
جس کو انگارے بھی جلا نہ سکے

59- ذیل میں سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) پاتنجلی، چنڈ، رودرٹ، ہیم چندر

(B) ہیم چندر، پاتنجلی، چنڈ، پانِنی

(C) سنیتی کمار چٹر جی، چنڈ، ہیم چندر، رودرٹ

(D) پاتنجلی، ہیم چندر، چنڈ، بھرت منی

60۔ ذیل میں سے کون سا تذکرہ میر حسن کا ہے؟

(A) گلشنِ بے خار

(B) تذکرہ شعرائے اردو

(C) نکات الشعراء

(D) تذکرہ ریختہ گویاں

61۔ ”رشید صاحب صورت سے مزاح نگار تو نہیں البتہ مرثیہ گو معلوم ہوتے ہیں“۔ یہ کس کا قول ہے۔

(A) مجتبیٰ حسین

(B) سجاد حیدر یلدرم

(C) شوکت تھانوی

(D) کنہیا لال کپور

62۔ ذیل میں سے کس نے کہا کہ ”بنیادی طور پر کسی ترجمے کے تین مقاصد ممکن ہیں، پہلا معلوماتی، دوسرا تہذیبی، تیسرا اجمالیاتی۔

(A) مرزا حامد بیگ

(B) خلیق انجم

(C) محمد حسن

(D) انیس ناگی

63۔ مرثیہ کے اجزائے ترکیبی میں 'رخصت' کے بعد کون سا جُز ہوتا ہے؟

(A) جنگ

(B) رجز

(C) آمد

(D) سراپا

64۔ ”مگر میرے دوست آ، کچھ مت بول، چُپ چاپ میرے سینے سے لگ جا، مجھے ڈر ہے میرا دل اتنا نہ دھڑک اٹھے کہ تھم جائے“۔

یہ مکالمہ کس ڈرامے کا ہے۔

(A) یہودی لڑکی

(B) ضحاک

(C) انارکلی

(D) آگرہ بازار

65۔ دبستانِ دہلی کے شعراء کی امتیازی خصوصیات کیا ہیں؟

I— طرز بیان سادہ اور سلیس ہوتا ہے۔

II— الفاظ کی نوک پلک سدھارنے اور زبان میں لطافت پیدا کرنے پر زور دیا جاتا ہے۔

III— رعایت لفظی، ضلع جگت، تشبیہ و استعارے کا پُر تکلف استعمال ہوتا ہے۔

IV— جذبات حقیقی ہوتے ہیں۔ اس لئے سوز و گداز کافی ہوتا ہے۔

(A) II اور IV

(B) I اور IV

(C) III اور IV

(D) II اور III

66۔ اسم با مسمیٰ کس ناول کا کردار ہے؟

(A) فسانۂ آزاد

(B) توبۃ النصوح

(C) فردوس بریں

(D) گئودان

67۔ ''اردو شاعروں نے لفظوں کی گنجائشوں کی طرف زیادہ توجہ دی۔
یہ بات بے اطمینانی کا سبب ہے''
مذکورہ رائے کس ناقد کی ہے؟

(A) آل احمد سرور

(B) عبادت بریلوی

(C) کلیم الدین احمد

(D) شمس الرحمٰن فاروقی

68۔ ذیل میں خود نوشت اور اس کے مصنفین کی فہرست دی گئی ہے۔
صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے۔

(1)	اس آباد خرابے میں	I-	معسود حسین خاں
(2)	خواب باقی ہیں	II-	انتظار حسین
(3)	ورود مسعود	III-	آل احمد سرور
(4)	جستجو کیا ہے	IV-	اختر الایمان

(A) IV - I - III - II

(B) IV - II - I - III

(C) I - III - II - IV

(D) III - I - IV - II

69۔ معشوق کی رعایت سے مؤنث افعال برتنے کا رجحان کس کے یہاں ملتا ہے؟

(A) اصغر گونڈوی

(B) ولؔی دکنی

(C) شاؔد عظیم آبادی

(D) فراقؔ گورکھپوری

70۔ کِس شاعر نے عاشقانہ حرکات و سکنات اور اعمال و افعال کے بیان کو مقصود اصلی بنالیا ہے؟

(A) میر تقی میرؔ

(B) مرزا غالبؔ

(C) ولؔی دکنی

(D) مومن خاں مومنؔ

71۔ پراکرت کی کلُ کتنی شکلیں ارتقا پزیر ہوئی ہیں؟

(A) تین شکلیں

(B) چار شکلیں

(C) دو شکلیں

(D) پانچ شکلیں

72۔ کتنے گھر شاہ کے مرجانے سے برباد ہوئے
لٹ گئے یوں کہ نہ سادات پھر آباد ہوئے
یہ کس کے مرثیے کا آخری شعر ہے؟

(A) جمیلؔ مظہری

(B) مرزا دبیرؔ

(C) مرزا غالبؔ

(D) میر انیسؔ

73۔ اسکرپٹ کی ہیئت کے بارے میں کون سا بیان غلط ہے۔

(A) دو کالمی ہیئت میں کاغذ کو اوپر سے نیچے دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(B) دو کالمی ہیئت میں بصری حصے کی تفصیل کے لئے وافر جگہ ہوتی ہے

(C) دو کالمی ہیئت خصوصاً ان پروگراموں کے لئے موزوں ہے جن میں ایک کیمرہ استعمال ہوتا ہے۔

(D) اسکرین پلے ہیئت میں کاغذ کو اوپر سے نیچے تقسیم نہیں کیا جاتا۔ بلکہ سین کی وضاحت پورے کاغذ پر درج کی جاتی ہے۔

74۔ ''تمام دنیا باغی ہے، بادشاہ خدا، سے، تمول افلاس سے، مصلحتیں انصاف سے اور اب جو کچھ باقی ہے وہ بھی باغی ہوگا، سب کو باغی ہو جانے دو''۔

انارکلی میں یہ مکالمہ کس کا ہے

(A) اکبر اعظم

(B) سلیم

(C) بختیار

(D) دلارام

75۔ ذیل میں دو بیانات دئے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے۔ دونوں بیانات کو غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجئے۔

دعویٰ: ایہام گوئی کی تحریک کے سبب اردو میں فارسیت کے غلبے کی شمع مدھم پڑ گئی۔

دلیل: ہندی اور بھاشا میں ایہام گوئی کا چلن عام تھا۔ جس کا اثر اردو نے قبول کیا۔

(A) دعویٰ غلط مگر دلیل صحیح

(B) دعویٰ بھی غلط اور دلیل بھی غلط

(C) دعویٰ صحیح مگر دلیل غلط

(D) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح

76۔ کس افسانہ نگار نے اپنے افسانوں میں انگریزی الفاظ کا استعمال کثرت سے کیا ہے؟

(A) قرۃ العین حیدر

(B) سریندر پرکاش

(C) غیاث احمد گدی

(D) سہیل عظیم آبادی

77۔ ذیل میں سے کس کی غزل میں عاشق کا کردار ٹائپ نہیں واحد متکلم ہے۔

(A) ولیؔ دکنی

(B) شادؔ عظیم آبادی

(C) اصغرؔ گونڈوی

(D) فراقؔ گورکھپوری

78۔ ذیل میں سے کون محقق ہیں؟

(A) عبدالقادر جرجانی

(B) آل احمد سرور

(C) سلام العجمی

(D) جمیل جالبی

79۔ ذیل میں سے کس نظم میں تہذیبِ مغرب پر نمایاں طنز ہے؟

(A) تاج محل

(B) برقِ کلیسا

(C) آثار سلف

(D) حسن کوزہ گر

80۔ ذیل میں دو بیانات دئے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے۔ دونوں بیانات کو غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجئے۔

دعویٰ: پانِنی دنیا کا پہلا عظیم ماہر صوتیات اور قواعد داں گزرا ہے۔

دلیل: کیوں کہ اس نے توضیحی لسانیات کی شہرہ آفاق کتاب اشٹا دھیائی لکھی ہے۔

(A) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے۔

(B) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(C) دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے

(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

81۔ کون سا ناول لکھنوی تہذیب کا عکاس ہے؟

(A) آگ کا دریا

(B) فسانۂ آزاد

(C) اداس نسلیں

(D) فردوسِ بریں

82۔ ان میں سے کس زمرے کے شعرا ایہام گوئی سے متعلق ہیں؟

(A) مظہر، معین، مرزا، میر

(B) ولی، سراج، نصرتی، غواصی

(C) آبرو، ناجی، مغمون، یکرنگ

(D) منی رام، بھوشن، داس، بہاری

83۔ آگرہ بازار میں شاعر نما آدمی، ہجولی اور تذکرہ نگار کس کی دکان پر بیٹھ کر ادبی گفتگو کرتے ہیں۔

(A) برتن والے کی دکان پر

(B) درزی کی دکان پر

(C) کتب فروش کی دکان پر

(D) پان والے کی دکان پر

84۔ جمیل مظہری کے مرثیے ''جنبش سے میرے خامۂ افسوں طراز کی'' میں کتنے بند ہیں؟

(A) 70

(B) 71

(C) 72

(D) 73

85۔ ذیل میں سے اداریئے کے بارے میں کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) اداریئے میں خبروں کا تجزیہ، معاملات کی توشیق اور واقعات کی تفسیر نہیں دی جاتی۔

(B) اداریئے میں کسی فیصلے کی اہمیت اور سمجھ میں نہ آنے والی باتوں کا مفہوم نہیں سمجھایا جاتا۔

(C) اداریئے میں کسی تجویز کا خیر مقدم کیا جا سکتا ہے۔ ملک یا سماج کے لئے غیر مفید منصوبے کی مذمت کی جاتی ہے۔

(D) ضروری نہیں کہ اداریہ نگار کا اپنا کوئی نصب العین بھی ہو۔

86۔ ''رام دیو مالی'' کس کا لکھا ہوا خاکہ ہے؟

(A) مرزا فرحت اللہ بیگ

(B) مجتبیٰ حسین

(C) مولوی عبدالحق

(D) رشید احمد صدیقی

87۔ صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

مغربی نظریات تنقید کے حامل ناقدین ہیں:

(A) ٹی، ایس ایلیٹ، افلاطون——ارسطو، آئی۔ اے۔ رچرڈس

(B) ارسطو، سلام العجمی—— میتھیو آرنلڈ، افلاطون

(C) افلاطون، لان جائنس—— آنندوردھن، ارسطو

(D) میتھیو آرنلڈ، قدامہ ابن جعفر—— لان جائنس، افلاطون

88۔ فاطمہ شعریٰ کے یہاں کون سی خصوصیت واضح طور پر محسوس ہوتی ہے؟

(A) یساریت

(B) مذہبیت

(C) قنوطیت

(D) نِسائیت

89۔ ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) جدید غزل کا بڑا حصّہ روایتی مضامین پر مشتمل ہے

(B) جدید غزل میں روایت کا شعور عنقا ہے

(C) جدید غزل میں جدید و قدیم روایت کا امتزاج پایا جاتا ہے

(D) جدید غزل کی روایت پر سوؔدا کا گہرا اثر ہے

90۔ ''اشٹادھیائی ذہن انسانی کا ایک عظیم کارنامہ ہے''۔
یہ بیان کس کا ہے؟

(A) سنیتی کمار چٹرجی

(B) مسعود حسین خان

(C) لینارڈ بلوم فیلڈ

(D) نوم چومسکی

91۔ فورٹ ولیم کالج کا وہ کون مصنف ہے جو کالج کا ملازم نہیں تھا مگر جن سے کالج نے کتاب لکھوائی۔

(A) شیر علی افسوس

(B) نہال چند لاہوری

(C) حیدر بخش حیدری

(D) میر بہادر علی حسینی

92۔ ریڈیو فیچر کے بارے میں کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) فیچر میں خبریں نہیں ہوتیں۔ اطلاعات بھی نہیں ہوتیں

(B) فیچر میں چھوٹے چھوٹے قصے یا لطیفے دیئے جا سکتے ہیں

(C) فیچر میں نہ ڈراما ہوتا ہے نہ گہرائی ہوتی ہے

(D) فیچر عموماً معروضیت کو ظاہر نہیں کرتا

93۔ مہینے اور موسم کے لحاظ سے عورت کے جذبات کی ترجمانی کس صنف میں ہوتی ہے؟

(A) ریختی

(B) ہزل

(C) بارہ ماسہ

(D) مخمس

94۔ کون سا ڈراما آغا حشر کا نہیں ہے؟

(A) مرید شک

(B) آنکھ کا نشہ

(C) آزمائش

(D) صید ہوس

95۔ ان میں سے کس ناول نگار نے اصلاح معاشرہ اور تعلیمِ نسواں پر زور دیا ہے۔

(A) ڈپٹی نذیر احمد

(B) پنڈت رتن ناتھ سرشاؔر

(C) مرزا ہادی رسوا

(D) عبدالحلیم شرؔر

96۔ تاریخ پیدائش کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) محمد حسین آزاد، وزیر آغا، کلیم الدین احمد، شمس الرحمٰن فاروقی

(B) محمد حسین آزاد، کلیم الدین احمد، شمس الرحمٰن فاروقی، وزیر آغا

(C) محمد حسین آزاد، شمس الرحمٰن فاروقی، کلیم الدین احمد، وزیر آغا

(D) محمد حسین آزاد، کلیم الدین احمد، وزیر آغا، شمس الرحمٰن فاروقی

97۔ انشائیے میں ذیل کی کون سی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

I - انشائیہ ذہن کو بوجھل اور طبیعت میں گرانی پیدا کرتا ہے

II - انشائیہ میں اختصار اور عدم تکمیل کا احساس ہوتا ہے

III - انشائیہ غیر منظّم ادب پارہ ہے۔

IV - انشائیہ میں باقاعدہ آغاز، ارتقاء اور تکمیل ہوتی ہے۔

(A) I اور II

(B) III اور IV

(C) I اور IV

(D) II اور IV

98۔ کلاسیکی نظموں کے بارے میں کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) تجرید سے تجسیم کی طرف میلان

(B) تجسیم سے تجرید کی طرف میلان

(C) جنسی میلان سے گریز

(D) تہذیبِ مغرب کی کورانہ تقلید

99۔ یہ کس کا شعر ہے۔

تالیف نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں
مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا

(A) مومن خاں مومن

(B) مرزا غالب

(C) میر تقی میر

(D) کلیم عاجز

100۔ ذیل میں سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) کھڑی بولی، ہریانوی، پنجابی، برج بھاشا، بندیلی

(B) کھڑی بولی، ہریانوی، برج بھاشا، بندیلی، قنوجی

(C) کھڑی بولی، ہریانوی، راجستھانی، برج بھاشا، قنوجی

(D) بندیلی، ہریانوی، کھڑی بولی، قنوجی، اودھی

Space for Rough Work

Space for Rough Work

Space for Rough Work

24TH SET ANSWER KEYS

URDU - 05 - PAPER II : X SERIES

Q. NO.	ANSWER	Q. NO.	ANSWER	Q. NO.	ANSWER	Q. NO.	ANSWER
1	B	26	C	51	A	76	A
2	D	27	B	52	C	77	D
3	C	28	B	53	C	78	D
4	D	29	C	54	B	79	B
5	A	30	A	55	A	80	B
6	C	31	A	56	C	81	B
7	A	32	A	57	C	82	C
8	B	33	B	58	A	83	C
9	C	34	B	59	A	84	D
10	A	35	D	60	B	85	C
11	D	36	D	61	C	86	C
12	B	37	B	62	C	87	A
13	C	38	C	63	C	88	B
14	D	39	C	64	C	89	C
15	C	40	D	65	B	90	C
16	C	41	B	66	B	91	B
17	D	42	B	67	C	92	B
18	B	43	B	68	A,B,C & D	93	C
19	A	44	B	69	B	94	C
20	B	45	B	70	D	95	A
21	C	46	D	71	A	96	D
22	A,B,C & D	47	A	72	D	97	D
23	C	48	A	73	C	98	A
24	C	49	B	74	B	99	B
25	A	50	B	75	D	100	B